روزنامہ

الفضل

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 24 مارچ 2006ء 23 صفر 1427 ہجری 24 امان 1385 ہش جلد 56-91 نمبر 64

ستر دفعہ سے زیادہ

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا۔

میں روزانہ اللہ کے حضور ستر سے زیادہ مرتبہ (یعنی کثرت کے ساتھ) استغفار اور توبہ کرتا ہوں۔

(صحیح بخاری کتاب الدعوات باب استغفار النبی ﷺ حدیث نمبر :5832)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یادرکھو کہ یہ دو چیزیں اس امت کو عطا فرمائی گئی ہیں۔ایک قوت حاصل کرنے کے واسطے،دوسری حاصل کردہ قوت کو عملی طور پر دکھانے کے لئے۔قوت حاصل کرنے کے واسطے استغفار ہے جس کو دوسرے لفظوں میں استمداد اور استعانت بھی کہتے ہیں۔صوفیوں نے لکھا ہے کہ جیسے ورزش کرنے سے مثلاً مگدروں اور موگریوں کو اٹھانے اور پھیرنے سے جسمانی قوت اور طاقت بڑھتی ہے۔اسی طرح پر روحانی مگدر استغفار ہے۔اس کے ساتھ روح کو ایک قوت ملتی ہے اور دل میں استقامت پیدا ہوتی ہے۔جسے قوت لینی مطلوب ہو وہ استغفار کرے۔غفر ڈھانکنے اور دبانے کو کہتے ہیں۔استغفار سے انسان ان جذبات اور خیالات کو ڈھانپنے اور دبانے کی کوشش کرتا ہے۔جو خدا تعالیٰ سے روکتے ہیں۔پس استغفار کے یہی معنے ہیں کہ زہریلے مواد جو حملہ کر کے انسان کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں۔ان پر غالب آوے اور خدا تعالیٰ کے احکام کی بجا آوری کی راہ کی روکوں سے بچ کر انہیں عملی رنگ میں دکھائے۔

یہ بات بھی یادرکھنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان میں دو قسم کے مادے رکھے ہیں۔ایک سمی مادہ ہے۔جس کا موکل شیطان ہے اور دوسرا تریاقی مادہ ہے۔جب انسان تکبر کرتا ہے اور اپنے تئیں کچھ سمجھتا ہے اور تریاقی چشمہ سے مدد نہیں لیتا۔تو سمی قوت غالب آجاتی ہے،لیکن جب اپنے تئیں ذلیل وحقیر سمجھتا ہے اور اپنے اندر اللہ تعالیٰ کی مدد کی ضرورت محسوس کرتا ہے۔اس وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک چشمہ پیدا ہو جاتا ہے۔جس سے اس کی روح گداز ہو کر بہہ نکلتی ہے اور یہی استغفار کے معنی ہیں۔یعنی یہ کہ اس قوت کو پا کر زہریلے مواد پر غالب آجاوے۔

غرض اس کے معنی یہ ہیں کہ عبادت پر یوں قائم رہو۔اول۔رسول کی اطاعت کرو۔دوسرے ہر وقت خدا سے مدد چاہو۔ہاں پہلے اپنے رب سے مدد چاہو۔جب قوت مل گئی تو توبوا الیہ یعنی خدا کی طرف رجوع کرو۔

استغفار اور توبہ دو چیزیں ہیں۔ایک وجہ سے استغفار کو توبہ پر تقدم ہے،کیونکہ استغفار مدد اور قوت ہے جو خدا سے حاصل کی جاتی ہے اور توبہ اپنے قدموں پر کھڑا ہونا ہے۔عادۃ اللہ یہی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ سے مدد چاہے گا،تو خدا تعالیٰ ایک قوت دے دے گا اور پھر اس قوت کے بعد انسان اپنے پاؤں پر کھڑا ہو جاوے گا اور نیکیوں کے کرنے کے لئے اس میں ایک قوت پیدا ہو جاوے گی۔جس کا نام توبوا الیہ ہے۔اس لئے طبعی طور پر بھی یہی ترتیب ہے۔غرض اس میں ایک طریق ہے جو سالکوں کے لئے رکھا ہے کہ سالک ہر حالت میں خدا سے استمداد چاہے۔سالک جب تک اللہ تعالیٰ سے قوت نہ پائے گا،کیا کر سکے گا۔توبہ کی توفیق استغفار کے بعد ملتی ہے۔اگر استغفار نہ ہو،تو یقیناً یادرکھو کہ توبہ کی قوت مر جاتی ہے

(ملفوظات جلد اول ص 348)

بیوت الحمد منصوبہ

آپ کی اعانت کا منتظر ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے دور مبارک کی ایک نہایت اہم تحریک، بیوت الحمد منصوبہ ہے۔جس کے تحت جماعت احمدیہ میں غریبوں، بیواؤں اور امداد کے مستحق افراد وخواتین کے لئے ضرورت کے مطابق بیوت الحمد کے نام سے ایک رہائشی کالونی بنائی گئی ہے۔اس کالونی میں ایک صد گھر تعمیر کئے گئے ہیں اور اس طرح کالونی میں ایک سو خاندان رہائش پذیر ہیں کالونی کے علاوہ پاکستان کے مختلف شہروں میں 652 مستحق خاندانوں کیلئے ان کی ملکیتی زمین پر گھروں کی تعمیر اور توسیع کرائی جا چکی ہے۔

یہ تمام امور اس بابرکت تحریک میں دل کھول کر مالی قربانی پیش کرنے کے لئے بیان کئے گئے ہیں۔ضرورت مندوں کا حلقہ وسیع ہونے کی وجہ سے زیادہ اعانت کی ضرورت ہے۔احباب کرام مالی قربانی میں ایک مکان تعمیر کرنے کے مکمل اخراجات یا حسب استطاعت اعانت پیش فرما سکتے ہیں۔جو مقامی جماعت کے انتظام کے تحت بھجوائیں یا براہ راست مد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرمائیں۔اللہ تعالیٰ آپ کے مال ونفوس میں بہت برکت عطا فرمائے۔آمین (صدر بیوت الحمد منصوبہ۔ربوہ)

سانحہ ارتحال

مکرم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب ناظر دیوان تحریر فرماتے ہیں کہ مکرم عبدالحی صاحب ابن حضرت فقیر محمد خان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود مورخہ 16 فروری 2006ء کو کابل میں وفات پا گئے۔مرحوم کے دادا حضرت نور محمد صاحب رفیق حضرت مسیح موعود حضرت سید احمد نور کابلی صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے چچا زاد بھائی تھے۔عبدالحی صاحب موصی تھے افغانستان سے ہجرت کے دوران ایک لمبا عرصہ اسلام آباد پاکستان میں جماعت کی خدمت کرتے رہے تھے۔اب گزشتہ تین سال سے کابل میں مقیم تھے۔احباب جماعت سے ان کی مغفرت کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مشعل راہ

قناعت ایک نہ ختم ہونے والا خزانہ ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:۔

تقویٰ کے بعد جو دوسری اہم بات بیان کی گئی ہے وہ قناعت ہے کہ قناعت اختیار کرو۔ کیونکہ قناعت تمہیں شکر گزار بندہ بنادے گی اور اگر تم شکر گزار بن گئے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تم پھر میرے فضلوں کو اور بھی زیادہ حاصل کرنے والے ہو گے۔ مومن کا کام ہے کہ پوری محنت سے اپنے کام پر توجہ دے، تمام میسر وسائل کو بروئے کار لائے اور پھر جو کچھ حاصل ہو اس پر قناعت کرے اور الحمدللہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضلوں سے اس طرح نوازتا ہے کہ انسان حیران رہ جاتا ہے۔ اور بعض دفعہ بعض لوگوں کو ان کی پسند کا کام یا پسند کی تنخواہ نہیں ملتی اور یہ صورت پاکستان وغیرہ تیسری دنیا کے ممالک میں بھی ہے اور یہاں یورپ امریکہ وغیرہ میں بھی ہے کہ پڑھا لکھا ہونے کے باوجود اکثر آج کل دنیا کے جو معاشی حالات ہیں اس میں مرضی کا یا اس معیار کا کام نہیں ملتا کیونکہ بے روزگاری بھی بہت بڑھ گئی ہے۔ تو ان حالات میں ہمیں جو کچھ کام میسر آتا ہے کر لینا چاہئے۔ اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہئے کہ کچھ نہ ہونے سے کچھ ہونا تو بہرحال بہتر ہے۔ تو پھر آہستہ آہستہ اللہ تعالیٰ برکت ڈال دیتا ہے۔ میرے پاس بھی کئی لوگ مشورے کے لئے آتے ہیں تو میں نے جس کو بھی یہ مشورہ دیا ہے کہ جو بھی کام ملتا ہے کر لو تو پہلے جو فارغ تھے اب کچھ نہ کچھ کام پر لگ گئے ہیں اور پھر بعض دفعہ یہ بھی ہوتا ہے کہ اس کام پر لگنے کے بعد وہ بہتر کام کی تلاش کرتے رہتے ہیں اور قناعت کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے شکر گزار بندے بنے رہتے ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ نے ایسے لوگوں کے لئے پھر بہتری کے سامان بھی پیدا فرما دیئے۔ اور بہتر ملازمتیں مل گئیں۔

ایک حدیث میں آتا ہے حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ: ''آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قناعت ایک نہ ختم ہونے والا خزانہ ہے''۔ (رسالہ قشیریہ باب القناعۃ صفحہ 21)

بعض دفعہ انسان سوچتا ہے کہ یہ بھی میری ضرورت ہے یہ بھی میری ضرورت ہے لیکن جب قناعت کی عادت پڑ جائے تو ان چیزوں کی کوئی اہمیت نہیں رہتی جنہیں پہلے وہ بہت اہم سمجھتا تھا۔ اور اس طرح بچت کی بھی عادت پڑ جاتی ہے۔ اور ایک احمدی کو بچت کی عادت پڑتی ہے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کی خاطر مالی قربانی کی بھی عادت پڑ جاتی ہے۔ پھر ایک نیکی سے دوسری نیکیاں جنم لیتی رہتی ہیں۔ سوائے اس کے کہ کوئی انتہائی کنجوس ہو وہ تو صرف بچت کر کے صرف پیسے ہی جوڑتا ہے وہ تو استثناء ہوتے ہیں۔

پھر ایک روایت میں آتا ہے حضرت عبداللہؓ بیان کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: ''اخراجات میں میانہ روی اور اعتدال نصف معیشت ہے۔ اور لوگوں سے محبت سے پیش آنا نصف عقل ہے اور سوال کو بہتر رنگ میں پیش کرنا نصف علم ہے''۔

(بیہقی فی شعب الایمان۔ مشکوٰۃ باب الحذر الثانی فی السور صفحہ 430)

تو دیکھیں میانہ روی اور اپنے اخراجات کو کنٹرول کرنا اس حدیث کے مطابق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو تمہارے حالات ہیں ان پہ صرف کنٹرول کرنے سے ہی اور اعتدال کے ساتھ اخراجات کرنے سے ہی مالی لحاظ سے اپنی ضروریات کو نصف پورا کر لیتے ہو۔

پھر فرمایا، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہی روایت ہے کہ: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فلاح پا گیا جس نے اس حالت میں فرمانبرداری اختیار کی جبکہ اس کا رزق صرف اس قدر ہو کہ جس میں بمشکل گزارا ہوتا ہو اور اللہ تعالیٰ نے اسے قناعت بخشی ہو۔

(ترمذی کتاب الزھد)

تو دیکھیں قناعت کرنے والوں کے لئے خوشخبری ہے۔ اس لئے کم پیسے والوں کے لئے بھی ایسی کوئی شرمندگی کی بات نہیں اگر شکر گزاری ہے تو فلاح بھی آپ کا مقدر ہے۔

(الفضل 27 جولائی 2004ء)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

تقریب شادی

مکرم شیخ خورشید احمد صاحب سابق اسسٹنٹ ایڈیٹر روزنامہ الفضل اطلاع دیتے ہیں کہ ان کی پوتی محترمہ نزہت خورشید صاحبہ بی ایس سی صحافت بنت مکرم لئیق احمد خورشید صاحب کی شادی مورخہ 23 دسمبر 2005ء کو مکرم کاشف بن ارشد صاحب ولد مکرم ارشد علی چوہدری صاحب ابن مکرم چوہدری فرزند علی صاحب کے ساتھ فورم بینکوٹ ہال ٹورانٹو میں منعقد ہوئی۔ مکرم ملک لال خاں صاحب، نائب امیر دوم جماعت احمدیہ کینیڈا نے اجتماعی دعا کروائی۔ دعا کے بعد مہمانوں کی خدمت میں عشائیہ پیش کیا گیا۔ مورخہ 25 دسمبر 2005ء کو اسی ہال میں دعوت ولیمہ ہوئی اور اس تقریب کے صدر مکرم ملک لال خاں صاحب نے اس رشتہ کے بابرکت ہونے کیلئے اجتماعی دعا کرائی۔ جس کے بعد مہمانوں کی خدمت میں عشائیہ پیش کیا گیا۔

احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتے کو جانبین کیلئے بہت بہت مبارک کرے اور انہیں خوشیوں اور مسرتوں سے مالا مال زندگی عطا کرے اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

تقریب شادی

مکرم ملک ظہور احمد صاحب صدر محلّہ دارالفتوح غربی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے بیٹے مکرم مبشر احمد ظہور صاحب مربی سلسلہ کی تقریب شادی ہمراہ مکرمہ صبیحہ ندرت صاحبہ بنت مکرم نظیر احمد صاحب مرحوم مورخہ 14 مارچ 2006ء کو انصار اللہ کے ہال میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر مکرم مبشر احمد صاحب کاہلوں ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد نے دعا کروائی۔ مورخہ 15 مارچ کو ولیمہ کے موقع پر بھی دعا مکرم مبشر احمد صاحب کاہلوں نے کروائی۔ مکرمہ صبیحہ ندرت صاحبہ محترم امام الدین صاحب سابق مربی انچارج انڈونیشیا کی نواسی ہیں۔ مکرم مبشر احمد صاحب ظہور مکرم ماسٹر عبدالعزیز صاحب جلہ ارائیاں کے نواسے ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو بابرکت کرے اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

درخواست دعا

مکرمہ سائرہ بیگم صاحبہ دارالفتوح شرقی ربوہ لکھتی ہیں کہ میرا بیٹا عبدالرحمٰن (لوک وراثت اینڈ ہینڈی کرافٹ النور مارکیٹ ریلوے روڈ ربوہ) ریڑھ کی ہڈی کی چوٹ کی وجہ سے عرصہ تقریباً ایک ماہ سے بیمار ہے۔ طبیعت پہلے کی نسبت بہتر ہے۔ دعا کی عاجزانہ درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے محض اپنے فضل و کرم سے شفاء کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

اعلان دارالقضاء

(مکرمہ عبدالباسط تبسم صاحبہ بابت ترکہ مکرمہ مسز امۃ الحفیظ صاحبہ)

مکرم عبدالباسط تبسم صاحب نے درخواست دی ہے کہ میری والدہ محترمہ مسز امۃ الحفیظ صاحبہ بنت عبداللطیف صاحب بقضائے الٰہی وفات پا گئی ہیں۔ ان کے نام پلاٹ نمبر 3 بلاک نمبر 1 برقبہ 5 مرلہ محلّہ دارالنصر اور پلاٹ نمبر 4 بلاک نمبر 1 برقبہ 10 مرلہ محلّہ دارالنصر ربوہ منتقل کردہ ہے۔ یہ پلاٹس برقبہ 10 مرلہ میرے نام اور 5 مرلہ میری ہمشیرہ مکرمہ مسز شمشاد اختر صاحبہ ولد چوہدری فضل الٰہی صاحب کے نام منتقل کر دیا جائے۔ دیگر ورثاء کو کوئی اعتراض نہ ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ مکرم عبدالباسط تبسم صاحب۔ پسر
2۔ مکرمہ مسز شمشاد اختر صاحبہ۔ دختر
3۔ مکرمہ دلشاد اختر صاحبہ۔ دختر
4۔ مکرمہ شہناز جاوید صاحبہ۔ دختر

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس پر کوئی اعتراض ہو تو وہ پندرہ یوم کے اندر اندر دفتر ہٰذا کو مطلع کرے۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

سانحہ ارتحال

محترمہ شازیہ اظہر صاحبہ زوجہ مکرم محمد اظہر صاحب دارالعلوم غربی حلقہ خلیل تحریر کرتی ہیں کہ میرے والد محترم نذیر احمد صاحب سیالکوٹی دارالنصر وسطی ربوہ مورخہ 13 مارچ 2006ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ مرحوم محترم عمر دین صاحب مرحوم کے بیٹے تھے مرحوم نے پسماندگان میں بیوہ' 5 بیٹے اور 5 بیٹیوں کو سوگوار چھوڑا ہے۔ مرحوم نہایت ہمدرد اور نیک طبیعت کے مالک تھے پنجوقتہ نمازی اور دوسروں کی تکلیف پر دلگرفتہ ہو جاتے تھے۔ اہل محلّہ اور جماعتی عہدیداران کے ساتھ نرمی اور پیار کا ایک انوکھا رشتہ قائم تھا۔ مرحوم کی نماز جنازہ مورخہ 14 مارچ کو گراؤنڈ دارالنصر وسطی ربوہ میں مکرم مولانا بشیر احمد قمر صاحب ناظر تعلیم القرآن و وقف عارضی نے پڑھائی۔ تدفین عام قبرستان میں عمل میں آئی اور بعد از تدفین دعا مکرم ڈاکٹر عبدالخالق خالد صاحب نائب صدر عمومی نے کروائی۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

خطبہ جمعہ

جماعت احمدیہ کے جلسوں کے خاص مقاصد ہوتے ہیں اور سب سے بڑا مقصد اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی محبت دلوں میں پیدا کرنا ہے

ہمیشہ ایسے نظریات اور فلسفوں سے بچو جو تمہیں خدا سے دور لے جانے والے ہوں
حضرت مسیح موعود کی تعلیم میں ایسے فلسفوں کو رد کرنے کی تمہیں دلیل مل جائے گی

نمازوں کے قیام، ایم ٹی اے سے بھرپور استفادہ، خاص طور پر خطبہ جمعہ کو ضرور سننے اور اعلیٰ اخلاق کی طرف خصوصی توجہ دینے کی تاکید

(جماعت احمدیہ ماریشس کے سالانہ جلسہ کے موقع پر خطبہ جمعہ میں احباب جماعت کو نہایت اہم نصائح)

خطبہ جمعہ سیدنا حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔ فرمودہ مورخہ 2/ دسمبر 2005ء (2/ فتح 1384 ہجری شمسی) بمقام ماریشس

خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ کے آغاز میں سورۃ توبہ کی تلاوت کے بعد فرمایا آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ ماریشس کا 44واں جلسہ سالانہ شروع ہو رہا ہے۔ میری موجودگی میں یہ جلسہ پہلا جلسہ ہے بلکہ میرا خیال ہے کہ کسی بھی خلیفۃ المسیح کی موجودگی کا یہ پہلا جلسہ ہے جو جماعت احمدیہ ماریشس منعقد کر رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس جلسہ کو ہر لحاظ سے کامیاب فرمائے اور یہ جلسہ جماعت کی روحانی اور عددی ترقی میں ایک سنگ میل ثابت ہو۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ جماعت احمدیہ کے جلسوں کے خاص مقاصد ہوتے ہیں اور سب سے بڑا مقصد اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرنا ہے، اللہ تعالیٰ کی محبت دلوں میں پیدا کرنا ہے۔ اس کے احکامات پر عمل کرنے کی طرف توجہ پیدا کرنا ہے۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے یہ دن آپ لوگ دعاؤں اور عبادتوں میں گزارنے کی کوشش کریں۔ اگر یہ مقصد آپ نے حاصل کر لیا اور پھر اسے اپنی زندگیوں کا ہمیشہ اور دائمی حصہ بنانے کی کوشش کی تو سمجھیں آپ کا اس جلسہ میں شمولیت کا مقصد پورا ہو گیا۔

پس ان دنوں میں خاص طور پر اس مقصد کو حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ اور ان تین دنوں میں آپ خود بھی اور آپ کے عزیزوں اور دوستوں کو بھی یہ احساس ہو کہ واقعی آپ نے اپنے اندر نمایاں تبدیلی پیدا کی ہے۔ اگر یہ تبدیلیاں پیدا نہیں ہو رہیں، آپ کے نیکی اور تقویٰ کے معیار نہیں بڑھ رہے تو پھر اس جلسے میں شمولیت بے فائدہ ہے۔ کیونکہ حضرت مسیح موعود نے بڑا واضح طور پر فرما دیا ہے کہ یہ کوئی دنیاوی میلہ نہیں ہے جہاں لوگ جمع ہوں اور آپس میں گھلیں ملیں۔ شور شرابہ ہو، نعرے بازی ہو اور بس۔ ایک سال جب آپ نے محسوس کیا کہ لوگ اس مقصد کو پورا نہیں کر رہے تو آپ نے جلسہ بھی منعقد نہیں فرمایا تھا۔ اگر نعرے دل سے نہیں اٹھ رہے، اگر نعرے آپ کے دل میں پاک تبدیلی پیدا کرنے کا جوش پیدا نہیں کر رہے تو یہ نعرے بے فائدہ ہیں۔ اگر تقریریں سن کر آپ میں صرف وقتی جوش پیدا ہو رہا ہے اور جلسہ گاہ سے باہر نکل کر اسی جگہ پر کھڑے ہوں جہاں آپ پہلے تھے۔ اور اپنی روحانی ترقی میں قدم آگے بڑھانے والے نہ ہوں تو غور کرنا چاہئے کہ ہم کیوں جلسے میں شامل ہوتے تھے۔ یہ غور کرنا چاہئے کہ حضرت مسیح موعود ہم سے کیا چاہتے ہیں۔ پس اگر آپ میں سے ہر ایک کو اس غور کی عادت پڑ جائے یا احساس پیدا ہو جائے، جوان اور بوڑھے، مرد اور عورتیں سب اس سوچ کے ساتھ جلسے کے یہ تین دن گزارنے کی کوشش کریں گے تو نہ صرف ان تین دنوں میں روحانیت میں ترقی کر رہے ہوں گے بلکہ جلسے کے بعد بھی یہ احساس رہے گا کہ ہم حضرت مسیح موعود کو ماننے کے بعد اس تعلیم پر عمل کر رہے ہیں۔ ہم نے آپ کے ہاتھ پر ان شرائط پر بیعت کی ہے جو صرف اور صرف خدا تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرنے کی طرف لے جاتی ہیں۔ ہم نے ان شرائط پر آپ کی بیعت کی ہے جو صرف اور صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے مطابق اپنی زندگیوں کو ڈھالنے کی طرف توجہ دلانے والی ہیں۔ اگر یہ احساس پیدا نہیں ہوتا تو احمدی ہونا بھی بے فائدہ ہے۔ بلکہ اپنے آپ کو گناہ گار بنانے والی بات ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ دنیاوی لحاظ سے بھی بے مقصد مشکلات میں گرفتار ہونے والی بات ہے۔

یہاں بھی بعض اوقات آپ لوگوں کو.......... مخالفت کا سامنا کرنا پڑ جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے آپ کی اکثریت اللہ تعالیٰ کا تقویٰ دل میں قائم کرتے ہوئے، اللہ کی خاطر احمدیت کی وجہ سے آنے والی مشکلوں اور مخالفتوں کو برداشت کرتی ہے اور آپ اللہ کے فضلوں کے وارث بھی ٹھہرتے ہیں۔ لیکن جو احمدیت قبول کرنے کے بعد بھی اپنے اندر تبدیلی پیدا نہیں کر رہے وہ بلاوجہ ان مخالفتوں کو اپنے سر مول لے رہے ہیں۔ کیونکہ اپنے اعمال ٹھیک نہ کر کے، اللہ کی رضا کو حاصل کرنے کی طرف توجہ نہ دے کر آپ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے وارث نہیں ٹھہر رہے ہوتے۔ پس اس جذبے کو جو پاک تبدیلیاں اپنے اندر پیدا کرنے کا جذبہ ہے آپ نے آگے بڑھانا ہے، اس کے اعلیٰ معیار حاصل کرنے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے تمام حکموں پر عمل کرنے کے تمام اعلیٰ معیار حاصل کرنے ہیں۔ ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے ہیں۔ آپس میں محبت اور بھائی چارے کی فضا پیدا کرنی ہے۔ جیسا کہ میں نے کہا ایک جگہ ٹھہرنا نہیں بلکہ آگے سے آگے بڑھنا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا یہی حکم ہے کہ تمہاری زندگیوں کا یہی مقصد ہونا چاہئے کہ (۔) تم نیکیوں میں ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی کوشش کرو۔ جب تم ایک دوسرے سے نیکیوں میں آگے بڑھنے کی کوشش کرو گے تو نیکیوں کے اعلیٰ معیار بھی قائم کر رہے ہو گے۔ اور یہ تبھی ہو گا جب اللہ تعالیٰ کا تقویٰ

اختیار کرو گے۔ پس ان دنوں میں اللہ تعالیٰ کا خوف دلوں میں رکھتے ہوئے، تقویٰ پر قدم مارتے ہوئے، اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہوئے، اس کے آگے جھکتے ہوئے، اس سے مدد مانگتے ہوئے تقویٰ میں بڑھنے کی کوشش کریں۔ اور ایک اچھے (۔) ہونے کی حیثیت سے اللہ تعالیٰ نے جو ہماری ذمہ داری لگائی ہے آپ لوگ اس کو پورا کرنے والے ہوں۔

احمدی لوگ تو بہت خوش قسمت لوگ ہیں جو اس زمانے کے امام کی جماعت میں شامل ہوئے ہیں۔..........

یہ آیت جو میں نے تلاوت کی ہے اس میں اللہ ہمیں نصیحت فرما رہا ہے کہ اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور صادقوں کے ساتھ ہو جاؤ۔........ پس اب جب آپ نے اس صادق کے ساتھ تعلق جوڑا ہے تو اس تعلق کو مضبوط سے مضبوط تر کریں۔ اور آپ اپنی جماعت جیسی بنانا چاہتے تھے ویسی جماعت بننے کی کوشش کریں۔......... اپنے آپ پر بھی نظر ڈالنی ہوگی کہ ہم نے اپنے اندر کیا انقلاب پیدا کیا ہے۔ اس زمانے کے مسیح و مہدی........ کو مان کر ہمارے اپنے نمونے کیا ہیں۔ ہمارے اپنے تقویٰ کے معیار کیا ہیں۔ ہمیں حضرت مسیح موعود نے کیا تعلیم دی اور ہم سے آپ نے کیا کیا توقعات وابستہ کیں اور ہم اب کس حد تک اس پر عمل کر رہے ہیں۔

اس وقت میں حضرت مسیح موعود کے اقتباسات پڑھ کے مختصراً بعض باتوں کا ذکر کر دیتا ہوں کہ آپ ہم سے کیا توقع رکھتے ہیں اور کیا تعلیم آپ ہمیں دیتے ہیں۔

آپ فرماتے ہیں: ”عزیزو! خدائے تعالیٰ کے حکموں کو بے قدری سے نہ دیکھو۔ موجودہ فلسفہ کی زہر تم پر اثر نہ کرے۔ ایک بچے کی طرح بن کر اس کے حکموں کے نیچے چلو۔ نماز پڑھو، نماز پڑھو کہ وہ تمام سعادتوں کی کنجی ہے۔ اور جب تو نماز کے لئے کھڑا ہو تو ایسا نہ ہو کہ گویا تو ایک رسم ادا کر رہا ہے۔ بلکہ نماز سے پہلے جیسے ظاہر وضو کرتے ہو ایسا ہی ایک باطنی وضو بھی کرو اور اپنے اعضاء کو غیر اللہ کے خیال سے دھوڈالو۔ تب ان دونوں وضوؤں کے ساتھ کھڑے ہو جاؤ اور نماز میں بہت دعا کرو اور رونا اور گڑگڑانا اپنی عادت کر لو تا تم پر رحم کیا جائے“۔

پھر فرمایا:

”سچائی اختیار کرو۔ سچائی اختیار کرو کہ وہ دیکھ رہا ہے کہ تمہارے دل کیسے ہیں۔ کیا انسان اس کو بھی دھوکہ دے سکتا ہے“۔

پھر آپ فرماتے ہیں:

”باہم بخل اور کینہ اور حسد اور بغض اور بے مہری چھوڑ دو اور ایک ہو جاؤ۔ قرآن شریف کے بڑے حکم دو ہی ہیں۔ ایک توحید و محبت و اطاعت باری، عَزَّ اِسْمُہٗ۔ دوسری ہمدردی اپنے بھائیوں اور بنی نوع کی“۔

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد 3 صفحہ 549-550)

تو یہ ہے پاک تعلیم اس زمانے کے سب سے بڑے صادق کی جس کے ساتھ منسوب ہو کر اور جس کی جماعت میں شامل ہو کر انسان خود بھی صادق بن سکتا ہے۔ آپ نے پہلے ہمیں انتہائی بنیادی بات کی طرف توجہ دلائی کہ اگر یہ دعویٰ ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے احمدی (۔) ہوں تو اس بات کو ہمیشہ پیش نظر رکھو کہ اللہ تعالیٰ کے جو قرآن کریم میں سینکڑوں احکام ہیں ان میں سے کسی ایک کو بھی بے قدری کی نظر سے نہیں دیکھنا۔ کسی ایک حکم کے بارے میں بھی یہ نہیں سوچنا کہ چلو کوئی بات نہیں اگر اس حکم پر عمل نہ کیا تو کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ایک دوسری جگہ آپ نے فرمایا کہ جو ان حکموں پر عمل نہیں کرتا اور ان میں سے ایک کو بھی چھوڑتا ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔

آپ لوگ جو اس چھوٹے سے جزیرے میں رہتے ہیں یہاں بھی کسی حد تک ہر مذہب والے کا کچھ نہ کچھ مذہب سے تعلق قائم ہے۔ لیکن جس تیزی سے دنیا ایک ہو رہی ہے یہاں بھی بہت سی دوسری قوموں کا آنا جانا ہو گیا ہے جو مذہب سے دور ہٹتے جا رہے ہیں۔ پھر اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے نئی نسل کے بہت سے لڑکے اور لڑکیاں باہر کے ملکوں میں جاتے ہیں۔ مختلف نظریات اور فلسفے ان بچوں کو سننے کو ملتے ہیں جو خدا سے دور لے جانے والے ہیں، جو (۔) کی خوبصورت تعلیم سے دور لے جانے والے ہیں۔ اس لئے یاد رکھو ہمیشہ ایسے نظریات اور فلسفوں سے بچو جو تمہیں خدا سے دور لے جانے والے ہوں۔ حضرت مسیح موعود کی تعلیم میں ایسے فلسفوں کو رد کرنے کی تمہیں دلیل مل جائے گی اس لئے کسی بھی قسم کا احساس کمتری کا شکار ہونے کی ضرورت نہیں۔ آپ نے فرمایا جس طرح ایک چھوٹا بچہ اپنے ماں باپ کی ہدایت پر عمل کرتا ہے، تم بھی اسی طرح اللہ تعالیٰ کے احکام پر عمل کرو۔ لیکن یاد رکھیں کہ ان حکموں پر عمل کرنے کے لئے قرآن کریم پڑھنے اور اس کو سمجھنے کی طرف بھی توجہ کرنی پڑے گی۔ پس نیکیاں اپنانے کے لئے اللہ تعالیٰ کی کتاب کو بھی پڑھنا ہوگا اور اس کے فضلوں کو بھی سمیٹنا ہوگا۔ اور اس کے فضلوں کو سمیٹنے کے لئے بہترین ذریعہ نماز ہے۔ اس لئے نمازوں کی طرف توجہ دو اور نمازیں صرف دکھاوے کے لئے یا کسی وجہ سے وقتی جوش سے نہ ہوں۔ بلکہ جس طرح آج کل میں دیکھ رہا ہوں (۔) بھری ہوتی ہے آپ کی تمام (۔) بھری ہوں اور ہمیشہ بھری رہنے والی ہوں۔

ایک بات مجھے آپ کی بہت اچھی لگی ہے کہ آپ نے (۔) بنانے کی طرف توجہ دی ہے اور بہت چھوٹی چھوٹی جگہوں پر بہت خوبصورت (۔) بنائی ہیں۔ لیکن ان (۔) کو نیک اور پاکباز نمازیوں سے بھرنا ہے۔ عمارتیں بنانا ہمارا مقصد نہیں بلکہ عبادالرحمان پیدا کرنا ہمارا مقصد ہے۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ نمازیں پڑھو گے تو اللہ تعالیٰ کے فضل حاصل کرو گے اور اس کی برکتیں بھی حاصل ہوں گی۔ لیکن جیسا کہ حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ نماز میں ایسی حالت میں آؤ کہ اللہ تعالیٰ کا تقویٰ دل میں ہو۔ دوسرے دنیاوی خیالات ہیں، کاروباری خیالات ہیں یا دوسری دنیاداروں کی باتیں ہیں ان کو مکمل طور پر اس وقت دل سے نکال دو اور جب اس طرح صرف خالص اللہ کے ہو کر نمازیں پڑھو گے تو اللہ تعالیٰ تم پر مہربان بھی ہوگا اور رحم فرمائے گا۔

پھر ان عبادتوں کے ساتھ ایک اہم چیز تمہارے دوسرے اعمال ہیں۔ ان اعمال میں بھی تمہاری اس نیکی کا اثر ظاہر ہونا چاہئے۔ اس لئے یہ معیار حاصل کرنے کے لئے تمہارے ہر قول و فعل سے سچائی ظاہر ہونی چاہئے۔ کبھی دھوکہ اور جھوٹ تمہارے کسی عمل سے ظاہر نہ ہو۔ کیونکہ اگر ہماری باتوں میں جھوٹ اور غلط بیانی شامل ہے تو یہ شرک کی طرف لے جانے والی چیز ہے۔ اس لئے شرک سے بچنے کے لئے اپنے آپ کو بھی اور اپنے بچوں کو بھی جھوٹ سے پاک کرنا ہوگا۔ جیسا کہ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے دو بڑے حکم ہیں۔ پس ہمیشہ ان کو اپنے پیش نظر رکھو یعنی ایک تو ایک خدا کو ماننا اور اس کی محبت دل میں قائم کرنا۔ اس سے بڑھ کر کسی سے محبت نہ ہو۔ اور اس محبت کا یہ تقاضا ہے کہ اس کے ہر حکم کی تعمیل بھی ہو۔ دوسرے اللہ تعالیٰ کی مخلوق سے ہمدردی ہو۔ اپنے کسی بھائی کو کسی بھی قسم کی تکلیف نہ پہنچاؤ بلکہ ایک دوسرے کے کام آؤ۔ اگر تم یہ دونوں باتیں نہیں کر رہے تو تمہارا اس زمانے کے امام صادق سے تعلق اور بیعت کا دعویٰ صرف منہ کی باتیں ہیں۔ پس ہر احمدی کا فرض ہے کہ حضرت مسیح موعود نے جس درد کے ساتھ اپنے ماننے والوں کو جو نصائح فرمائی ہیں ان پر عمل کرنے والے ہوں۔

اسی ضمن میں دوسری بات میں یہ کہنی چاہتا ہوں کہ آج ہم خوش قسمت ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا کی نئی ایجادات کے ذریعے سے (۔) کی خوبصورت تعلیم کو حضرت مسیح موعود کے الفاظ میں ہی ہر جگہ پہنچانے کا موقع میسر فرمایا ہے پس اس سے بھی فائدہ اٹھائیں اور ایم ٹی اے کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں جو نعمت میسر فرمائی ہے اس میں وہ تمام پروگرام جو آپ سمجھ سکتے ہیں وہ دیکھیں۔ خاص طور پر خطبہ جمعہ کو ضرور سننے کی عادت ڈالیں۔ کیونکہ اب تک کی ملاقاتوں میں جو جائزہ میں نے لیا ہے اس سے مجھے احساس ہوا ہے کہ کافی بڑی تعداد یہاں جماعت کی ہے جو ایم ٹی اے سے بھرپور فائدہ نہیں اٹھاتی۔ اس طرف جماعتی نظام بھی توجہ دے اور ذیلی تنظیمیں بھی توجہ دیں اور

دیکھیں کہ کتنے لوگ ایم ٹی اے سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ اور کیا کوشش کرنی چاہئے جن سے اس سے بھرپور فائدہ اٹھایا جاسکے کیونکہ جتنی زیادہ دنیا میں مذہب سے دور لے جانے والی دلچسپیاں پیدا ہورہی ہیں اتنی زیادہ ہمیں اس سلسلے میں کوشش کرنے کی ضرورت ہے۔

پس جہاں اس کے لئے عملی کوشش کریں کہ دنیا کے گند سے بچیں وہاں ان دنوں میں جیسا کہ میں نے کہا ہے نمازوں اور دعاؤں کی طرف بھی خاص توجہ پیدا کریں۔ اور جیسا کہ میں نے کہا ان دنوں میں یہ عہد بھی کریں اور اللہ سے مدد بھی مانگیں اور کوشش بھی کریں کہ زیادہ سے زیادہ ایسے پروگرام جن میں اللہ تعالیٰ کی طرف بلایا جارہا ہو ان کو توجہ سے سنا جائے۔ ان دنوں میں ایک دوسرے سے ملنے ملانے، ملاقات کرنے اور پیار و محبت کو پھیلانے کی طرف بھی خاص توجہ دیں۔

کیونکہ یہ جلسے کا ماحول جو آپ کو میسر آیا ہے اس میں محبتیں بکھیرنے کا یہ بہت عمدہ موقع ہے۔ ہر قسم کے اعلیٰ اخلاق اپنے اندر پیدا کرنے کی طرف خاص توجہ کریں۔ اور پھر اس تبدیلی کو ہمیشہ اپنی زندگی کا حصہ بنالیں تاکہ آپ کے ماحول کو یہ نظر آئے کہ احمدی عبادتوں میں بھی اعلیٰ ہیں اور اخلاق میں بھی اعلیٰ ہیں، احمدیوں اور دوسروں میں ایک نمایاں فرق ہے۔ آپ کے یہ خاموش عمل بھی خاموش (۔) کررہے ہوں گے۔

اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے اور یہ جلسہ بے شمار رحمتوں اور برکتوں کا حامل بن جائے۔ اور آپ میں سے ہر ایک اس جلسہ کی بے شمار برکات سے فائدہ اٹھانے والا ہو۔

مکرم مبشر محمود صاحب

جلسہ سالانہ قادیان اور حالِ دل کی کہانی

2005ء میں جس کو بھی جلسہ سالانہ قادیان پر جانے کا موقعہ ملا اس نے ہر طرح سے روحانی لذات و سرور کے بے تحاشا مواقع پائے اور ہر ایک نے اپنے اپنے انداز اور کیفیات و حالات کے مطابق ان لذات کو محسوس کیا۔ خاکسار بھی ان خوش نصیبوں میں شامل ہے جو اس بابرکت جلسہ میں شامل ہوئے۔ جس جلسہ کو حضرت خلیفۃ المسیح کا بابرکت وجود رونق بخش رہا تھا۔

خاکسار بھی خدا کے اس فضل پر اس کی ذات کا شکر ادا کرتا ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ سب کے لئے اس کے سامان کردے۔

قادیان کے سفر کا موقع خاکسار کو تین دفعہ ملا اور ہر دفعہ کی طرح اس بار بھی سفر کے آغاز میں لاہور کے خدام کا خوبصورت جذبہ خدمت سامنے آیا۔ ہر خادم مہمانوں کو خوش آمدید بھی کہتا، بوجھ بھی اٹھاتا، رہنمائی بھی کرتا، کھانا، رہائش اور دیگر لوازمات کے ساتھ ساتھ صبح جانے والوں کے سامان کی بکنگ کرتا۔ ایک خاتون نے کچھ اس طرح تبصرہ کیا کہ اتنے لمبے سفر کے بعد جب لاہور پہنچے تو خدام نے معمولی معمولی چھوٹے چھوٹے بیگ بھی محبت اور خدمت کے جذبے سے اٹھا لئے۔ اللہ ان کو جزا دے۔

اٹاری بارڈر پر بسوں کا بھی عجیب منظر تھا کوئی اپنی جگہ بنا رہا ہے تو کوئی دوسروں کو جگہ دینے میں اور سامان لادنے میں مصروف ہے۔ چند ساعتوں میں سینکڑوں افراد بغیر کسی تکلیف، لڑائی، جھگڑے، بحث و تکرار کے سفر قادیان کے لئے بسوں میں سوار ہو چکے تھے اور اب ہم سب کی روح ایک ہی طرف کھنچی چلی جارہی تھی اور وہ تھا قادیان۔ جہاں بسوں پر لدے ہوئے بستر بند دیکھ کر ربوہ کے جلسوں کی یاد تازہ ہوئی وہاں جلد قادیان پہنچنے کی تڑپ اور بھی بڑھ رہی تھی۔

قادیان لاہور بارڈر سے ستر میل کے فاصلے پر ہے اور ایک اچھی اور معیاری سڑک کے ذریعے براستہ امرتسر اور بٹالہ ہم قادیان پہنچے۔ دور سے ہی منارۃ المسیح کو نظریں تلاش کررہی تھیں۔ دل کی دھڑکنیں تیز سے تیز تر ہوتی جارہی تھیں۔ ایک موڑ مڑتے ہی قادیان کے آثار نظر آنے لگے۔ دل جہاں شکر سے لبریز تھا اور آنکھوں سے جھلک رہا تھا وہاں پُرزور نعرہ تکبیر بلند کرنے کو زباں ترس رہی تھی۔

لیجئے کچھ ہی لمحوں میں قادیان کا روشن مینار اپنی ابیض روشنی میں چمکتا نظر آرہا تھا اور قادیان کے سینکڑوں گھر تا حد نظر رنگا رنگ روشنیوں سے جھلملاتے ہوئے خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ اور اس کے پروانوں کو اھلاً و سھلاً و مرحبا کہہ رہے تھے۔ اعلان پر اعلان ہورہے تھے کہ کس قافلے کے لئے کونسی قیام گاہ ہے اور پھر خدام الاحمدیہ اپنے مہمانوں کا سامان اٹھائے مہمانوں کو ان کی رہائش گاہ تک پہنچا رہے تھے۔ اللہ اللہ یہ مہمان نوازی اور خدمت کا جذبہ حضرت مسیح موعود اور خلافت کی برکتوں میں سے ایک ہے۔

ہم بھی اپنے میزبان مکرم جاوید اقبال چیمہ سیکرٹری مجلس کارپرداز قادیان کے گھر پہنچے جنہوں نے ہمارے لئے اپنے دوست بلدیو سنگھ کے گھر اچھا انتظام کر رکھا تھا۔ قادیان کے بابرکت اور مہمان نواز ماحول نے جہاں احمدیوں کو اکرام ضیف کی صفت سے غیر معمولی متصف کیا ہوا تھا وہاں غیر بھی کھلے دلوں کے ساتھ مہمانوں کا استقبال کررہے تھے ...... باوجودیکہ ہمارے پاس اپنے بستروں کا انتظام تھا مگر سردار صاحب نے بھی اپنا گھر اور اپنے بستر فراہم کرکے اعلیٰ اخلاق کا نمونہ دیا۔ اللہ ان پر فضل کرے اور احمدیت کے نور سے جلد منور کرے۔ چند ہی لمحوں میں حضرت مسیح موعود کے اپنے بابرکت ہاتھوں سے جاری کردہ لنگر کا بابرکت کھانا روایتی ذائقے کے ساتھ ہمارے سامنے تھا۔

سفر کی تکلیف اور تھکان کا احساس تو قادیان میں داخل ہوتے ہی ختم ہو چکا تھا لیکن اب ہر بچہ بڑا ایک ہی خواہش لئے ہوئے تھا کہ جلد کسی طرح حضرت مسیح موعود کے پاک خلیفہ کا دیدار نصیب ہوجائے۔ چونکہ ہم رات کچھ تاخیر سے پہنچے تھے اور مغرب وعشاء ہو چکی تھی۔ اس لئے ہم بہت جلد صبح چار بجے اٹھے تاکہ بیت اقصیٰ کی اگلی صفوں میں حضور کی قریب سے زیارت نصیب ہوسکے مگر کیا دیکھتے ہیں کہ ہم تو آخری صفوں میں بھی بیٹھنے کی جگہ نہ پاسکے۔ کیونکہ دیوانے اور پروانے تو ساری رات سے کچھ اگلی صفوں میں بیٹھنے کے لئے تو کچھ بیت الدعا کی لائن میں اور کچھ بیت مبارک اور دیگر مقامات مقدسہ میں اپنے رب سے راز و نیاز کے لئے بیت الذکر میں آچکے ہیں۔ میں بھی اپنے بچوں کو لے کر آخری صف میں لیکن اس مبارک دروازے کے قریب ہی جہاں سے حضور پُرنور کا ورود مسعود نمازوں کے لئے ہوتا تھا بیٹھ گیا۔

وہ لمحے بھی عجیب دلفریب لمحے تھے۔ جب فجر کی نداء انتہائی خوبصورت آواز میں بلند ہوئی اور نداء کے ختم ہوتے ہی پہرے داروں کی حرکات سے محسوس ہونے لگا کہ خدا کا خلیفہ آنے ہی والا ہے۔ سب کی نظریں اس دروازے پر ٹکٹکی باندھے ہوئے تھیں ہر ایک حضور کے سلام کا جواب دینے میں پہل کرنا چاہتا تھا یا سلام بھیجنے میں۔

ناقابل یقین کیفیت تھی کہ جب حضور پُرنور اپنی روحانی اور ظاہری تمام خوبصورتی کے ساتھ سلام کہتے ہوئے بیت میں داخل ہوئے ہر طرف سے السلام وعلیکم کی آوازیں بلند ہوئیں۔ جو حضور کی راہ گزر کے لئے لگائی گئی رسی کے قریب تھے وہ اپنے آپ کو سب سے زیادہ خوش قسمت سمجھتے تھے کہ ہم نے حضور کو اتنی قریب سے دیکھا۔ گو ہر پروانہ ہی دعویدار تھا کہ وہی اس روشنی سے منور ہوا ہے۔

وہ روشنی کہ آنکھ اٹھائی نہیں گئی
کل مجھ سے میرا چاند بہت ہی قریب تھا

حضور کی پیاری مسحور کن الٰہی محبت سے لبریز آواز اللہ اکبر کانوں میں پڑی تو ہم بھی اپنے آپ کو سب سے زیادہ خوش قسمت سمجھ رہے تھے کہ اللہ اللہ آج ہم خدا کے خلیفہ کی اقتدا میں اپنے رب کے حضور حاضر ہورہے ہیں۔ اس احساس اور شکر کے جذبات کو لفظوں میں ڈھالنا ممکن نہیں۔

نماز ختم ہوتے ہی حضور کی اسی راستہ سے واپسی اور وہی جذبات وہی سلام سلام کی آوازیں۔ ایک سادہ سا شخص اپنی سادہ زبان میں اونچی اونچی آواز میں کہہ رہا تھا۔ ساڈا پیارا خلیفہ مسرور ساڈا پیارا امام۔ جہاں کچھ دوست ان قیمتی لمحات کو اپنے سینوں میں سجا رہے تھے وہاں بعض اپنے پاس ہمیشہ کے لئے محفوظ کرنے میں مصروف تھے اور ہر عاشق یہی چاہتا تھا کہ اس کے کیمرے میں بھی یہ نور اتر آئے اور ان لمحات کو اس کے لئے ہمیشگی نصیب ہوجائے۔

یہ ایک دن کا نظارہ نہیں تھا بلکہ ہر روز کی ہر نماز کا تھا۔ ہر روز ہی پہلے آنے میں سبقت یا پہلی صف میں ہی بیٹھنے کی خواہش تاکسی طرح اپنے امام کے روحانی انوار و دیدار سے فیضیاب ہوسکیں۔ نماز تہجد باجماعت کا بھی انتظام تھا۔ یہ روحانی نظارہ بھی عجیب روحانی نظارہ ہوتا تھا جب اکثر افراد پہلے ہی رات کا بہت سا حصہ اپنی انفرادی نماز تہجد و نوافل میں گزار کر نم آنکھوں کے ساتھ باجماعت نماز تہجد میں شامل ہوتے۔ امام کی آواز اور دلسوز دعاؤں پر ہر ایک کا آمین کہنا شدید سردی اور دھند کے بارش نما قطروں سے بے پرواہ شدید ٹھنڈے فرش پر گھٹنوں کھڑے ہونا اور پھر سجدہ ریز ہوجانا اور اپنے امام کے لئے بلند آواز میں ہونے والی دعاؤں پر مرغ بسمل کی طرح تڑپنا۔

نماز تہجد میں شامل ہونے کا شوق جہاں بڑوں کا تھا وہاں بچے اور عورتیں بھی شدید سردی میں صرف اور صرف روحانی تپش کے حصول کے لئے قطار در قطار صبح اور رات کے پہروں میں بیت الذکر آجاتے تھے۔

بیت الدعا میں دعا کرنے کے لئے چند لمحے جو نصیب ہوتے تھے ایک لمبی قطار میں بیٹھ کر تسبیح و درود میں وقت گزرتا، کوئی بیت مبارک کے مبارک مقامات پر سجدہ ریز ہوتا تو کوئی بیت الفکر اور حجرہ میں رکوع قیام میں رات بسر کرتا گو ساری رات ہی روحانی دن کا عجیب منظر پیش کرتی تھی۔

نماز فجر کے بعد کچھ تو سردی کے اثر کو زائل کرنے کے لئے انڈوں اور چائے سے لطف اندوز ہوتے لیکن اکثر مسیح پاک کے مزار مبارک پر دعا کے لئے بہشتی مقبرہ کا رخ کرتے۔

آج جمعہ ہے اور وہ دوسرا تاریخی جمعہ ہے جو قادیان کی بستی سے براہ راست ساری دنیا میں نشر ہو رہا تھا۔ گو ہم گھر بیٹھے پہلے تاریخی خطبہ جمعہ کو ایم ٹی اے پر دیکھ کر ان گواہوں میں شامل ہو چکے تھے جو گواہی دے رہے تھے کہ حضرت مسیح موعود کی پیشگوئی اپنی پوری شان کے ساتھ پوری ہو چکی ہے۔ لیکن آج اس

دوسرے تاریخی جمعہ کے موقع پر ہم اس کا حصہ بن چکے تھے کچھ فخر تھا جو شکر میں ڈھلتا جاتا اور آنکھوں سے بہتا جاتا تھا۔ یہ جمعہ جلسہ گاہ میں ادا کیا گیا تھا لیکن ابھی جلسہ گاہ کی سادہ خوبصورتی جو پرالی سے خاص تھی بچھائی نہیں گئی تھی کچی زمین پر سبز رنگ کے کارپٹس کی صفیں خوبصورت پارک کی تصویر بن رہی تھیں۔

چونکہ اس جلسہ میں شامل ہونے والے اکثر افراد وہ تھے جو جلسہ سالانہ میں شمولیت کی پیاس عرصہ سے بجھا نہ سکے تھے اور کچھ تو اپنی زندگی میں پہلی بار ایسا عظیم الشان جلسہ دیکھ رہے تھے اور اب خدا کے فضل ابر باراں کی طرح نازل ہوتا دیکھ کر فدا ہی ہوتے چلے جا رہے تھے اور ایک لمحہ بھی اپنے امام سے قریب سے قریب تر ہونے کا ضائع نہیں کرنا چاہتے تھے اسی لئے آج صبح سویرے ہی پہلی صفوں میں دوست جگہ بنا کر بیٹھ گئے تھے نہ سخت سردی ان کے درمیان روک تھی نہ کھلی فضا میں چلتی ٹھنڈی ہوا وہ سب تو بس ایک ہی شمع سے حرارت کے خواہاں تھے اور وہ تھی شمع خلافت۔

ہمیں قادیان پہنچے پانچ دن گزر چکے تھے اور ہر صبح ہی شدید سردی اور دھند کے ساتھ چڑھتی تھی لیکن آج جلسے کا پہلا دن تھا اور دنیا کیا دیکھتی ہے کہ آفتاب اپنی پوری آب وتاب کے ساتھ جلسہ گاہ کو گرما رہا تھا اور ہر ایک خدا کے اس فضل پر شکر ادا کرتے ہوئے جلسہ گاہ میں داخل ہوتا اور خصوصاً جہاں لوائے احمدیت لہرایا جانا تھا وہاں اس خصوصی تقریب کو دیکھنے کے لئے احباب جمع ہوتے جا رہے تھے۔

عرصہ دراز سے جن نظاروں کو دیکھنے کے لئے ہم ایم ٹی اے کی آنکھ کے محتاج تھے اللہ اللہ آج وہ سب کچھ ہماری ظاہری آنکھوں کے سامنے ہو رہا تھا اور اے اللہ ہمیں ان گواہوں میں لکھ لے کہ یقیناً تیری یہ پیشگوئی کہ یاتیک من کل فج عمیق بڑی شان سے پوری ہوئی ہے۔

یہ کیا احساں ترا ہے بندہ پرور
کروں کس منہ سے شکر اے میرے داور
اگر ہر بال ہو جائے سخنور
تو پھر بھی شکر ہے امکاں سے باہر

ہر نظر اپنے پیارے خلیفہ کی آمد کی منتظر اور اس راہ گزر پر لگی تھی اور حضور کی آمد کے ساتھ ہی جلسہ گاہ نعرہ تکبیر، احمدیت زندہ باد اور خلیفۃ المسیح زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھی اور انہی نعروں کی گونج میں حضور انور نے لوائے احمدیت کو فضا میں لہرایا جو جلسہ کے تینوں دن دنیا کو محبت کا عظیم پیغام دیتا رہا۔

جلسہ کے تینوں دن حضور انور کے ایمان افروز خطابات اور دیگر علماء کی تقاریر احمدیت کا پیغام دنیا کو دیتی رہیں۔

آخری روز جب حضور انور نے خطاب کے بعد نعروں کی اجازت دی تو فدایان احمدیت کا جوش دیکھنے سے تعلق رکھتا تھا کچھ نعرے لگا کر اپنے دلی جذبات کی تسکین کر رہے تھے تو کچھ بلند آواز میں ان نعروں کا جواب دے دے کر اور کچھ نم آنکھوں سے جلسہ کی رونق کو الوداع کر رہے تھے۔

جلسہ کے تین دن کی رونق اور برکات و فیوض کا احساس احباب جماعت ایم ٹی اے کی نعمت کے ذریعہ کر چکے ہیں۔ اس میں کچھ اضافہ نہیں کر سکتا۔

قادیان کی ایک چھوٹی سی بستی جہاں مقامات مقدسہ تک کی سڑک کیا گلیوں کی رسائی صرف 10 فٹ اور کہیں پانچ فٹ رہ جاتی ہے۔ پہلے سے موجود دکانیں ان کے تھڑے اور نالیاں بھی ہیں اور اس چھوٹی سی جگہ سے ایک وقت میں پچاس ساٹھ ہزار افراد کا صرف نمازوں کے اوقات میں بیک وقت جانا اور آنا اور مزید حیرت کی بات تب ہے کہ ایک ہی وقت میں ایک ہی مقام کے لئے مرد و زن کا اس دس فٹ کی جگہ سے آنا اور جانا۔ نہ تو بے ہنگم اور تکلیف دہ صورتحال پیدا ہوتی نہ کوئی بھگدڑ مچتی ہے نہ کوئی ہلڑ بازی اور بدتمیزی ہوتی ہے نہ کوئی دھکم پیل ہے ہر کوئی دوسرے کو راستہ دیتے اپنا کارڈ چیک کرواتے وقار سے نظریں جھکائے بیت الذکر کی طرف رواں ہے اور نظریں اگر تلاش کر رہی ہیں تو اپنے امام کو کہ مبادا ابھی ادھر سے حضور کا گزر ہو اور ہم دیدار سے محروم رہ جائیں۔

نمازوں کے اوقات کا بھی عجیب سماں تھا ہر ایک یہ خواہش رکھتا تھا کہ حضور کی اقتداء میں نماز پڑھے اور حضور کے قرب میں جگہ مل جائے۔ اس خواہش کی تکمیل کے لئے دو گھنٹے پہلے بیت میں آئے تو امکان ہوتا کہ بیت اقصیٰ کے اندر پہلی صف میں جگہ پا لے اور پھر جو پہلی صف میں ہو اس کو نکلنے کے لئے مزید ایک گھنٹہ درکار رہتا، گو یہ عشاق خلافت اپنے امام کی اقتدا اور قرب میں ایک نماز پڑھنے کے لئے بآسانی تین گھنٹے بیت میں صرف کرتے ہیں۔

پھر ہم نظارہ کرتے ہیں ان عشاق خلافت کا جن کے لئے ملاقات کا اعلان کیا جاتا ہے کہ شام پانچ بجے ملاقات کے لئے بیت اقصیٰ میں آ جائیں ...... اللہ اللہ دنیا میں اگر پروانوں اور شمع کا عشق حقیقی دیکھنا ہو تو صرف ان عشاق خلافت میں ہی نظر آئے گا جو ہزاروں کی تعداد میں شمع پر گرتے پڑتے اس کو چومتے اس کی محبت کی ایک نظر فدا ہوتے ہیں اور پھر دیکھیں اس نورانی وجود کو جو اپنے عشاق کے لئے گھنٹوں ایک قدم پر کھڑا ہے اور نور الٰہی کی کرنوں سے اپنے عشاق کو روشن کرتا چلا جاتا ہے وہ نہیں تھکتا نہیں ماندہ ہوتا وہ اپنے عشاق سے اتنی محبت کرتا ہے کہ ان کا غم اس کو غمگین کرتا اور ان کی ادنیٰ ادنیٰ خوشیوں میں خوش ہوتا ہے اور ان کی ہر کامیابی کے لئے دعا گو رہتا ہے وہ دن کو جہاں ان سے مل کر تقویت پاتا ہے وہاں راتوں کو خدا کے حضور ان عشاق کے لئے تڑپتا اور گڑگڑاتا ہے۔ وہ اپنی تمام طاقتوں اور استعدادوں کے ساتھ پروانوں کو نور ہدایت دیتا چلا جاتا ہے۔

گو ہر روز ہی سینکڑوں گھرانے حضور انور سے ملاقات کا شرف حاصل کرتے تھے لیکن آج کا دن ہمارے لئے کچھ الگ سے اہم تھا آج 185 خاندانوں کی ملاقات کا وقت تھا ہماری فیملی کی ملاقات کا نمبر 48 تھا۔ پرائیویٹ سیکرٹری کے دفاتر کے باہر ایک ہجوم تھا۔ ہر بڑا چھوٹا ملاقات کے لئے تڑپ رہا تھا۔ کوئی جانے والوں کے دل کی دھڑکنوں کو واضح محسوس کرتا تو کوئی ملاقات کر کے آنے والوں کو مبارک دیتا اور احوال ملاقات معلوم کرنے میں مشغول تھا۔

ہر بچہ بڑا جہاں روحانی فیوض سے لبریز ہو کر آتا وہاں ضرور امام وقت سے کوئی نہ کوئی تبرک لے کر آتا اور خوشی خوشی دوسروں کو دکھاتا۔ بچے متبرک چاکلیٹ کو بانٹتے نظر آتے۔ متبرک قلم جو ملتے ان کو چومتے اور ہر کوئی حضور انور سے اپنی تصویر کا ذکر کرتا۔ ہم بھی کچھ انہی جذبات و احساسات کے ساتھ حضور سے ملے اور ایک یادگار تصویر اور تبرکات کے حصول کے بعد چند لمحوں میں ہی نیچے اتر آئے۔

جب ہم جائزہ لیتے ہیں کہ اگر حضور ایک فیملی کو ایک منٹ بھی دیں تو 185 منٹ یعنی تین گھنٹے اور اگر دو منٹ دیں تو چھ گھنٹے درکار ہیں۔ لیکن خلیفہ وقت کے لئے وقت رک جاتا ہے اور کام سمٹ جاتے ہیں اور ہم دیکھتے ہیں اس معجزہ کو کہ انت الشیخ المسیح الذی لایضاع وقتہ اور دوسو فیملیز صرف دو گھنٹے میں حضور سے شرف ملاقات حاصل کر لیتی ہیں۔ یہ کیسے ہوتا ہے پتہ نہیں اسی کو معجزہ کہتے ہیں۔

میں اپنے اس مضمون کو حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اس ارشاد پر ختم کرتا ہوں۔

’’اس بستی میں پہنچ کر عجیب کیفیت ہوتی ہے۔ منارۃ المسیح عجیب شان سے نظر آتا ہے۔ مزار مسیح موعود پر دعا کر کے سکون آتا ہے قادیان میں ایک ماہ قیام کیا لیکن پتہ نہیں چلا کس طرح گزر گیا۔ قادیان کے سفر کے حالات حال دل کی کہانی ہیں جو سنائی نہیں جا سکتی جس کی یاد بے چین کر دیتی ہے اس بستی کا عجیب نشہ ہے اسے زبان سے بیان کرنا مشکل ہے۔

قادیان میں قیام کے دوران اس طرح لگتا تھا کہ پورا مہینہ جلسہ کا سماں ہے گلیوں میں اس قدر رش ہوتا تھا کہ ایم ٹی اے کے کیمرے اسے صحیح طور پر نہیں دکھا سکے۔ بچوں بوڑھوں مردوں عورتوں سب کے چہروں سے لگتا تھا کہ وہ کسی اور دنیا کی مخلوق ہیں۔ حد درجہ اخلاص و فدائیت اور پیار و محبت کا اظہار کرتے تھے۔ مختلف علاقوں اور قومیتوں کے لوگ حضرت مسیح موعود کی دعاؤں سے جھولیاں بھرنے کے لئے باوجود غربت کے کھنچے چلے آئے تھے۔ وہاں کی کیفیت دیکھنے والے ہی محسوس کر سکتے ہیں‘‘۔

قرآن کریم بندے کی ہدایت کو درجہ بدرجہ بڑھاتا چلا جاتا ہے۔

(حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

حضرت مولانا برہان الدین جہلمی کی خداداد بصیرت

ہمارے محبوب آقا سیدی حضرت خلیفۃ المسیح الثانی المصلح الموعود نے 28 دسمبر 1952ء کو سالانہ جلسہ کے عظیم روحانی اجتماع کے موقع پر اپنی اثر انگیز تقریر کے دوران بیان فرمایا کہ:۔

’’حضرت مسیح موعود .... نے جب براہین احمدیہ لکھی اور مولوی برہان الدین صاحب کو پہنچی تو انہوں نے آپ سے ملنے کا ارادہ کیا۔ چنانچہ وہ جہلم سے قادیان آئے۔ اتفاقاً ان دنوں حضرت مسیح موعود کہیں باہر تشریف لے گئے تھے شاید ہوشیار پور چلہ کرنے کے لئے یا کسی اور جگہ۔ مولوی برہان الدین صاحب چونکہ اسی ارادہ سے آئے تھے کہ آپ سے ملیں گے اس لئے وہ اسی جگہ جا پہنچے جہاں حضرت مسیح موعود .... کا قیام تھا۔ حضرت مسیح موعود نے منع کیا ہوا تھا کہ کوئی شخص مجھ سے ملنے کے لئے نہ آئے۔ وہ شیخ حامد علی صاحب کے پاس پہنچے جو حضرت مسیح موعود .... کے پرانے خادم تھے اور سفروں میں آپ کے ساتھ رہتے تھے۔ مولوی صاحب بعد میں خود ہی سنایا کرتے تھے کہ میں نے شیخ حامد علی صاحب کی بڑی منتیں کیں کہ کسی طرح میری ملاقات کرا دو۔ مگر انہوں نے کہا میں کس طرح ملاقات کروا سکتا ہوں۔ حضرت مسیح موعود........... نے ملاقاتیں بند کی ہوئی ہیں مگر میں نے اپنے دل میں سوچا کہ میں اتنی دور سے آیا ہوں اب میں بغیر آپ کو دیکھے کے واپس نہیں جاؤں گا۔ چنانچہ میں وہیں بیٹھ گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد شیخ حامد علی صاحب کسی کام کے لئے گئے تو میں دوڑ کر آپ کے کمرہ کی طرف چلا گیا اور دروازہ کے آگے جو پردہ لٹکا ہوا تھا اس کو ہٹا کر دیکھا۔ حضرت مسیح موعود ....کی عادت تھی کہ آپ لکھتے ہوئے بھی ٹہلا کرتے تھے اس وقت بھی آپ کوئی کتاب لکھ رہے تھے اور ادھر سے ادھر تیزی کے ساتھ ٹہلتے جاتے اور ساتھ ساتھ لکھتے جاتے تھے۔ میں نے جونہی آپ پر نظر ڈالی مجھے دیکھ کر اتنا ڈر آیا کہ پردہ میرے ہاتھ سے چھوٹ گیا اور میں وہاں سے بھاگ نکلا۔ لوگوں نے مجھے دیکھا تو کہا ہمیں بھی کچھ بتایئے مرزا صاحب آپ سے ملے یا نہیں۔ میں نے کہا میں نے مرزا صاحب کو دیکھ لیا ہے بات تو میں نے آپ سے کوئی نہیں کی لیکن میں نے دیکھا کہ وہ کمرے کے اندر بھی اتنی جلدی جلدی ٹہل رہے تھے جیسے کسی نے بڑی دور جانا ہو اور وہ اپنے کام کو تیزی کے ساتھ ختم کرنا چاہتا ہو۔ اس سے میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی منزل بہت دور ہے اور کوئی عظیم الشان مقصد ہے جو آپ کے سامنے ہے‘‘۔

(’’تعلق باللہ‘‘ صفحہ 72-73)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 56219 میں شاکرہ قیوم بھٹی

بنت عبدالقیوم بھٹی قوم راجپوت بھٹی پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالفضل شرقی نمبر 2 ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 5-12-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور مالیتی -/1000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ شاکرہ قیوم بھٹی گواہ شد نمبر 1 اکرام اللہ بھٹی مربی سلسلہ وصیت نمبر 27313 گواہ شد نمبر 2 حافظ عبدالرؤف بھٹی ولد عبدالقیوم بھٹی

مسل نمبر 56220 میں عدیلہ تابانی

بنت محمد اکرم قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالفتوح غربی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 21-12-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ عدیلہ تابانی گواہ شد نمبر 1 محمد اکرم ولد محمد علی گواہ شد نمبر 2 نصیرالدین انجم ولد چوہدری شمس الدین

مسل نمبر 56221 میں رخشندہ کلثوم

زوجہ محمد اکرم قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 56 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالفتوح غربی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 21-12-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر ادا شدہ -/10000 روپے۔ 2۔ طلائی زیور ایک تولہ مالیتی -/8000 روپے۔ 3۔ دو ایکڑ زرعی زمین میں سے 1/14 حصہ (ابھی واصول نہیں ہوا)۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ رخشندہ کلثوم گواہ شد نمبر 1 محمد اکرم خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 نصیرالدین انجم ولد چوہدری شمس الدین

مسل نمبر 56222 میں شاہدہ نصیر

زوجہ نصیر احمد بھٹی قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 45 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالفتوح غربی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 12-7-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر -/5000 روپے۔ 2۔ زیور بوزن ڈیڑھ تولہ مالیتی -/16000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ شاہدہ نصیر گواہ شد نمبر 1 عبدالقدیر قمر ولد عبدالحمید گواہ شد نمبر 2 رانا نصیر احمد ولد رانا نذیر احمد

مسل نمبر 56223 میں نسرین اختر

بنت نعمت علی قوم جھنگل پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالفتوح غربی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 4-11-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1200 روپے ماہوار بصورت پرائیویٹ ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ نسرین اختر گواہ شد نمبر 1 نصیرالدین انجم ولد چوہدری شمس الدین گواہ شد نمبر 2 میاں محمد اسحاق ولد میاں نور احمد مرحوم

مسل نمبر 56224 میں محمد اسلم شہزاد

ولد بشارت احمد قوم چدھڑ پیشہ طالب علم عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالیمن وسطی سلام ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 17-12-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/400 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمد اسلم شہزاد گواہ شد نمبر 1 ڈاکٹر خلیل احمد طاہر ولد حمید احمد گواہ شد نمبر 2 آصف اقبال وصیت نمبر 33115

مسل نمبر 56225 میں تسنیم عارفہ

بنت رشید احمد قوم آرائیں پیشہ فارغ عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 270 الف ضلع میرپور خاص بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 27-11-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ طلائی زیور 3 گرام مالیتی -/2910 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/150 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ تسنیم عارفہ گواہ شد نمبر 1 رشید احمد والد موصیہ گواہ شد نمبر 2 میاں رفیق احمد وصیت نمبر 28901

مسل نمبر 56226 میں نوید احمد

ولد رشید احمد قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 270 الف ضلع میرپور خاص بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 27-11-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/150 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد نوید احمد گواہ شد نمبر 1 رشید احمد والد موصی گواہ شد نمبر 2 میاں رفیق احمد آرائیں وصیت نمبر 28901

مسل نمبر 56227 میں مصباح کوثر

